# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 15 July-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۵/جولائی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں :::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مہاراشٹر انسدادِ منظّم جرائم ترمیمی بل، قانون ساز کونسل میں منظور۔

☆ منشیات فروخت کرنے کے معاملے میں سنِ بلوغ کی تعریف تبدیل کرنے کا وزیرِ اعلیٰ کا عندیہ۔

☆ کچرا ضائع کرنے کے عمل میں دشواریوں کو دور کرنے کیلئے علیحدہ سیل قائم کرنے کا نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا اعلان۔

☆ ایس ٹی کو کبھی بھی خانگی شعبے میں شامل نہیں کیا جائے گا: وزیرِ حمل و نقل کا تیقن۔

اور۔۔۔☆ لارڈس کرکٹ ٹیسٹ میچ میں انگلینڈ کی 22 رنوں سے فتح؛ سیریز میں 1-2 کی سبقت۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مہاراشٹر منظّم جرائم ترمیمی بل کل قانون ساز کونسل میں اتفاقِ رائے سے منظور کرلیا گیا۔ قانون ساز اسمبلی میں یہ بل گذشتہ ہفتے ہی منظور ہو چکا ہے۔ منشیات فروخت کرنے کے معاملے میں بار بار گرفتار ہونے والے ملزمان کی ضمانت پر رہائی اور اس کے خلاف کارروائی کی غرض سے قانون میں ترمیم کی گئی ہے۔ اس دوران وزیرِ اعلیٰ نے بتایا کہ منشیات کے کاروبار میں قانونی نکتۂ نظر سے بالغ قرار دیئے جانے کی تعریف تبدیل کی جائیگی۔ وہ کل اسمبلی میں اس خصوص میں پیش کردہ توجہ نمائی نوٹس کا جواب دے رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ نابالغ لڑکوں کے ذریعے منشیات فروخت کرکے قانونی سُقم کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس لیے اب قانون میں سنِ بلوغ کی تعریف تبدیل کرکے 16 برس کے ملزمان کو گرفتار کرنے کی گنجائش پیدا کی جائیگی۔ انھوں نے بتایا کہ چھترپتی سمبھاجی نگر میں منشیات کے کاروباریوں کے خلاف سخت کارروائی جاری ہے اور تعلیمی اداروں میں اس ضمن میں بیداری پیدا کرنے کیلئے مہم چلائے جانے کی اطلاع بھی انھوں نے دی۔ وزیرِ اعلیٰ نے ایوان کو مزید بتایا کہ ریاست میں صفر تا 100 یونٹ بجلی استعمال کرنے والے صارفین کیلئے ان کے مکانوں کی چھت پر شمسی توانائی اکائی نصب کی جائیگی اور اس منصوبے کی مالی اعانت کی اسکیم کو ریاستی کابینہ نے منظوری دے دی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی شیواجی مہاراج سے متعلق 12 قلعوں کو یونیسکو کی عالمی ورثہ فہرست میں شامل کیے جانے کے حوالے سے وزیرِ اعلیٰ نے کل ایوان میں تفصیلی بیان دیا۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ یہ امر مہاراشٹر کیلئے قابلِ فخر ہے اور اسے برقرار رکھنے نیز قلعوں کے تحفظ کیلئے تعاون کرنے کی ترغیب بھی انھوں نے عوام کو دی۔

قانون ساز کونسل میں قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے نے اس خصوص میں حکومت کو مبارکباد پیش کی۔ انھوں نے حکومت کے علاوہ ثقافتی شعبے اور وزیرِ اعلیٰ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس ورثے کے تحفظ کیلئے مستقل اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ ان کے علاوہ بھی جو تاریخی قلعے ہیں ان کے تحفظ، فنڈز، اسٹاف اور مستقل انتظامات کو حکومت یقینی بنائے اور مہاراشٹر کو عالمی سطح پر مقام دلانے کیلئے مستقل اسکیم چلائی جائے۔

***** ***** *****

ریاست کے میونسپل اداروں اور میونسپل کارپوریشن کو کچرا ضائع کرنے کے سلسلے میں درپیش دشواریوں کو دور کرنے کیلئے ایک خود مختار سیل قائم کرنے کا اعلان نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کیا ہے۔کل اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ریاست کے چھوٹے بلدی اداروں کو درپیش مسائل کو حل کرنے کیلئے حکومت توجہ دیگی اور ریاستی سطح پر سینٹرلائز سیل قائم کیا جائے گا' تاکہ کچرے کو ضائع کرنے کے معاملے میں آنے والی دشواریوں کو دور کیا جاسکے۔

***** ***** *****

پربھنی کے رکنِ اسمبلی راجیش وِٹیکر نے کل اسمبلی میں مطالبہ کیا کہ پربھنی ضلع میں آبپاشی کیلئے جائیکواڑی آبی منصوبے سے پانی چھوڑا جائے کیونکہ ضلع میں بارش کی کمی کے باعث فصلوں کی حالت تشویشناک ہے۔جس کے جواب میں آبی وسائل کے وزیر رادھا کرشن وِکھے پاٹل نے اعلان کیا کہ اس پر آج نہری مشاورتی کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ کیا جائے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں آبرسانی کیلئے متوازی پائپ لائن کا معاملہ رکنِ اسمبلی پرشانت بمب نے اسمبلی میں اٹھایا۔کئی برسوں سے تعطل کا شکار اس کام میں افسروں کی سطح کے افراد پر بدعنوانیوں میں ملوث ہونے کا الزام لگاتے ہوئے انھوں نے معاملے کی باریک بینی سے تحقیقات کا مطالبہ بھی کیا۔

***** ***** *****

پربھنی کے رکنِ اسمبلی راہل پاٹل نے ویسٹ واٹر مینجمنٹ' ریلوے ٹریک گیٹ' سڑکوں کی تعمیر' اسپتالوں اور اسکولوں کی مرمت سمیت مختلف مسائل پر ایوان کی توجہ مبذول کروائی۔انھوں نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مراٹھواڑہ آئینی ترقیاتی کارپوریشن کی تشکیلِ نو پر حکومت کاہلی برت رہی ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بھارتی خلاء بازوں کے گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا اور ان کے ساتھ آکسی اوم فور مہم میں شامل تمام خلاء باز آج دوپہر زمین پر لوٹیں گے۔ان خلاء نوردوں کی واپسی کا سفر کل شام شروع ہوچکا ہے۔اس مہم کے دوران شکلا نے 14 دنوں تک بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر قیام کیا۔

***** ***** *****

راجستھان کے گورنر ہری بھاؤ باگڑے نے تلقین کی ہے کہ ملک کی ہمہ جہت ترقی اور خوشحالی کیلئے یونیورسٹیاں اور اسکول طلبہ کی ذہنی صلاحیتوں کو نکھارنے پر خصوصی توجہ دیں۔کل ناندیڑ میں نیتاجی سبھاش چندر بوس کالج کی جانب سے ہری بھاؤ باگڑے کا استقبال کیا گیا۔اس استقبالیے کا جواب دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ موجودہ دور میں طلبہ کو نصابی تعلیم کے علاوہ عملی تعلیم دینا بھی ضروری ہے۔انھوں نے تعلیمی اداروں کو ترغیب دی کہ طلبہ کے کھیل کود پر بھی توجہ دی جائے۔اسی دوران' کل باگڑے نے ایوت محل میں نیچرل شوگر یونٹ کا بھی دورہ کیا۔اس موقع پر وہاں ان کے ہاتھوں شجرکاری کی گئی۔

***** ***** *****

وزیر حمل ونقل اور ایس ٹی کارپوریشن کے چیئرمین پرتاپ سرنائیک نے کہا ہے کہ ایس ٹی کارپوریشن تقریباً 83 ہزار ملازمین کی مادرِ انجمن ہے اور اس محکمے کو کبھی بھی خانگی شعبے میں شامل نہیں کیا جائے گا۔کل ممبئی میں ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے اعلان کیا کہ ایس ٹی ملازمین کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے عنقریب خانگی صفائی ادارے کی خدمات حاصل کی جائیگی۔جس میں ملازمین کی انفرادی سہولتوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

***** ***** *****

کرکٹ:

لارڈس میں جاری اینڈرسن-ٹینڈولکر ٹیسٹ سیریز کے تیسرے ٹیسٹ میچ کے پانچویں اور آخری دِن کل انگلینڈ نے بھارت کو 22 رنوں سے شکست دے دی۔ کل اس انتہائی سنسنی خیز میچ میں دوسری اننگ میں 193 رنوں کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے بھارت کی پوری ٹیم 170 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ انگلینڈ کے کپتان بین اسٹوکس کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ پانچ میچوں کی اس سیریز میں اب انگلینڈ نے 1-2 سے برتری حاصل کرلی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے چھاؤنی بورڈ کے میونسپل کارپوریشن میں انضمام کا عمل جاری ہے۔ اس سلسلے میں چھاؤنی بورڈ کے تحت آنے والے اسکولوں میں ظہرانے کی سہولت کا کل سے آغاز ہوا۔ میونسپل کارپوریشن کے کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر جی شریکانت کے ہاتھوں طلبہ میں کل کھچڑی اور مٹھائی تقسیم کرکے اس سہولت کا آغاز کیا گیا۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ میونسپل اسکولوں کی طرز پر ان اسکولوں کو بھی اسمارٹ اسکول بیسٹ اسکول بنانے کی کوشش کی جائیگی۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ مہاراشٹر انسدادِ منظّم جرائم ترمیمی بل، قانون ساز کونسل میں منظور۔
- ☆ منشیات فروخت کرنے کے معاملے میں سنِ بلوغ کی تعریف تبدیل کرنے کا وزیرِ اعلیٰ کا عندیہ۔
- ☆ کچرا ضائع کرنے کے عمل میں دشواریوں کو دور کرنے کیلئے علیحدہ سیل قائم کرنے کا نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا اعلان۔
- ☆ ایس ٹی کو کبھی بھی خانگی شعبے میں شامل نہیں کیا جائے گا: وزیرِ حمل و نقل کا تیقن۔
- اور۔۔۔☆ لارڈس کرکٹ ٹیسٹ میچ میں انگلینڈ کی 22 رنوں سے فتح؛ سیریز میں 1-2 کی سبقت۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****